# سوال

(06) بغیر بازو بنین پہن کر نماز پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر ایسی بنین پہن کر نماز پڑھی جائے جس کے بازو ہوں تو نماز ہو جائے گی نیز نماز کتنے کپڑوں میں جائز ہے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز ایک کپڑے میں ہو سکتی ہے۔ اگر کپڑا چھوٹا ہو تو اس کو تہ بند کی صورت میں پہن لے ورنہ گلتی باندھ لے تاکہ کندھے بھی ڈھک جائیں۔ چنانچہ حدیث میں تصریح ہے۔ بنیان سے کچھ کندھا ننگا رہتا ہے۔ اِس لئے اس میں شبہ ہے ہاں اگر ایسی بنیان ہو کہ اس سے کندھا ڈھکا جائے تو پھر کوئی حرج نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، ستر کا بیان، ج2ص13

محدث فتویٰ